رسید تحائف احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) مجلس ادارت۔

دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ، کراچی کی ایک منفرد طرز کی علمی وروحانی دینی درسگاہ ہے۔جس کے تمام طلبہ مخلق باخلاق الصوفیہ ہیں۔کیونکہ اس کے بانی اور منتظم کا اندازِ تعلیم وتربیت علی نمط الصوفیہ ہے۔اس ادارہ سے تین کتابوں کا ایک سیٹ صاحبزادہ محمد جان نعیمی صاحب نے ہمیں ارسال کیا ہے جو حسب ذیل ہیں:

۱۔خطبات ہاشمیہ

تالیف شیخ الاسلام مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی

۲۔الصارم المسلول علی من انکر التسمیۃ بعبد النبی وعبدالرسول

تالیف الشیخ محمد عابد السندھی الانصاری م ۱۲۵۷ھ

۳۔التوسل واحکامہ وانواعہ

تالیف الشیخ محمد عابد السندھی الانصاری م ۱۲۵۷ھ

تینوں کتابیں عربی زبان میں ہیں اور خوبصورت جدید کمپیوٹرائزڈ عربی رسم الخط میں نفیس کاغذ وغلاف کے ساتھ شائع ہوئی ہیں ۔ مکتبہ مجددیہ نعیمیہ نے زیر اہتمام جناب مفتی محمد جان نعیمی صاحب انہیں تزک واحتشام کے ساتھ شائع کیا ہے۔شائقین درج ذیل پتہ پر رابطہ کرکے یہ کتابیں جلد حاصل کرلیں کہ ختم ہوگئیں تو پھر نہ جانے کب چھپیں گی۔جن دوستوں کے عرب دنیا میں دوست ہوں وہ یہ کتب ان دوستوں کو ضرور بھجوائیں تاکہ کچھ علماء ہندوسند کا تعارف وہاں نئے سرے سے استوار ہو۔

مذکورہ بالا تحائف کی وصولی کی رسید ہم نے پیش کردی اور ایک بار پھر ان تمام احباب کا شکریہ جنھوں نے یہ تحائف ہمیں ارسال فرمائے۔

☆ ربوا: عقد کے وقت جو زیادتی مال کو مال کے بدلنے سے بلاعوض حاصل ہو ☆